# تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : شرح دیباچہ مثنوی مولانا رومؒ المعروف رسالہ نائیہ
مصنف : مولانا یعقوب چرخیؒ (م ۸۵۱ھ)
مترجم : محمد نذیر رانجھا
ضخامت: 176 صفحات ...... قیمت :110 روپے
ناشر: جمعیۃ پبلیکیشنز، متصل مسجد پائیلٹ ہائی سکول، وحدت روڈ لاہور

مثنوی مولانا روم فارسی نظم میں لکھی ہوئی ایک ضخیم کتاب ہے۔ مولانا رومؒ باطنی علوم سے مالا مال تھے۔ مثنوی آپ کی شاہکار تصنیف ہے جس کو حد درجہ پذیرائی ملی۔ یہ کتاب عالمگیر شہرت کی حامل ہے اور اخلاقیات اور تصوف کے موضوع پر صفِ اوّل کی کتب میں شمار ہوتی ہے۔ اس میں مولانا نے حکایات قلمبند کی ہیں جو نہایت سبق آموز اور مؤثر ہیں۔ کئی جگہ پر یہ کتاب سبقاً سبقاً پڑھائی جاتی ہے اور بعض جگہ نامی گرامی علماء اس کا درس بھی دیتے ہیں۔

مثنوی مولانا رومؒ کا دیباچہ خود ایک گراں قدر تصنیف ہے۔ اس کی شرح مولانا یعقوب چرخیؒ نے لکھی جو تقویٰ شعار صوفی بزرگ تھے۔ مولانا چرخی کئی کتابوں کے مصنف ہیں جن میں شرح اسماء الحسنٰی اور تفسیر یعقوب چرخی بھی شامل ہے۔ شرح دیباچہ مثنوی مولانا روم المعروف رسالہ نائیہ کا اردو ترجمہ محمد نذیر رانجھا صاحب نے کیا ہے جو خود کئی کتابوں کے مصنف اور ماہر مترجم ہیں۔ ترجمہ اس مہارت سے کرتے ہیں کہ کتاب طبعزاد معلوم ہوتی ہے۔ پھر انہوں نے اس کتاب کے آغاز میں مقدمہ اور حواشی کا بھی اضافہ کر دیا ہے۔

مولانا رومؒ نے علم و حکمت کے حصول کے لئے طویل سفر کئے اور تصوف و سلوک کی کٹھن منازل طے کیں۔ یہ کتاب ان کی قلبی واردات، مشاہدات اور تجربات کا نچوڑ ہے۔

© rasailojaraid.com